تمہیدِ ایمان بآیاتِ قرآن

١٣٢٦ھ

تصنیف لطیف:۔

اعلیٰ حضرت مجدد امام احمد رضا

شرح فقہ اکبر میں ہے :

قال فخر الاسلام قد صح عن ابی یوسف انه قال ناظرت ابا حنیفة فی مسألة خلق القرآن فاتفق رأیی و رأیه علی ان من قال بخلق القرآن فهو کافر وصح هذا القول ایضا عن محمد رحمهم الله تعالٰی [1]

امام فخر الاسلام رحمۃ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالٰی علیہ سے صحت کے ساتھ ثابت ہے کہ انھوں نے فرمایا میں نے امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مسئلۂ خلق قرآن میں مناظرہ کیا میری اور ان کی رائے اس پر متفق ہوئی کہ جو قرآن مجید کو مخلوق کہے وہ کافر ہے اور یہ قول امام محمد رحمۃ اللہ تعالٰی سے بھی بصحت ثبوت کو پہنچا۔

یعنی ہمارے ائمہ ثلٰثہ رضی اللہ تعالٰی عنہم کا اجماع و اتفاق ہے کہ قرآن عظیم کو مخلوق کہنے والا کافر ہے۔ کیا معتزلہ و کرامیہ و روافض کہ قرآن کو مخلوق کہتے ہیں اس قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھتے، نفسِ مسئلہ کا جزئیہ لیجئے امام مذہب حنفی سیدنا امام ابو یوسف رضی اللہ تعالٰی عنہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں :

ایما رجل مسلم سب رسول الله صلی الله تعالٰی علیه وسلم او کذبه او عابه او تنقصه فقد کفر بالله تعالٰی و بانت منه زوجته [2]

جو شخص مسلمان ہو کر رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو دشنام دے یا حضور کی طرف جھوٹ کی نسبت کرے یا حضور کو کسی طرح کا عیب لگائے یا کسی وجہ سے حضور کی شان گھٹائے وہ یقیناً کافر اور خدا کا منکر ہو گیا اس کی جورو اس کے نکاح سے نکل گئی۔

دیکھو کیسی صاف تصریح ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی تنقیص شان کرنے سے مسلمان کافر ہو جاتا ہے اس کی جورو نکاح سے نکل جاتی ہے کیا مسلمان اہل قبلہ نہیں ہوتا یا اہل کلمہ نہیں ہوتا سب کچھ ہوتا ہے مگر محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کے ساتھ نہ قبلہ قبول نہ کلمہ قبول والعیاذ باللہ رب العالمین۔

ثالثاً اصل بات یہ ہے کہ اصطلاح ائمہ میں اہل قبلہ وہ ہے کہ تمام ضروریات دین پر ایمان رکھتا ہو

---

[1] منح الروض الازہر شرح الفقہ الاکبر القرآن کلام اللہ غیر مخلوق دار البشائر الاسلامیہ بیروت ص ۹۵

[2] کتاب الخراج للامام ابی یوسف فصل فی الحکم فی المرتد عن الاسلام دار المعرفۃ بیروت ص ۱۸۲

اُن میں سے ایک بات کا بھی منکر ہو تو قطعاً یقیناً اجماعاً کافر مرتد ہے ایسا کہ جو اُسے کافر نہ کہے خود کافر ہے۔
شفاء شریف و بزازیہ و درر و غرر و فتاوٰی خیریہ وغیرہا میں ہے:

اجمع المسلمون ان شاتمه صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم کافر ومن شك فی عذابه وکفرہ کفر[1]

تمام مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جو حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی شان پاک میں گستاخی کرے وہ کافر ہے اور جو اس کے معذب یا کافر ہونے میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

مجمع الانہر و درمختار میں ہے:

واللفظ له الکافر بسب نبی من الانبیاء لا تقبل توبته مطلقا ومن شك فی عذابه وکفرہ کفر[2]

جو کسی نبی کی شان میں گستاخی کے سبب کافر ہوا اس کی توبہ کسی طرح قبول نہیں اور جو اُس کے عذاب یا کفر میں شک کرے خود کافر ہے۔

الحمدللہ یہ نفیس مسئلہ کا وہ گرانبہا جزئیہ ہے جس میں ان بدگویوں کے کفر پر اجماع تمام امت کی تصریح ہے اور یہ بھی کہ جو انھیں کافر نہ جانے خود کافر ہے۔

شرح فقہ اکبر میں ہے:

فی المواقف لایکفر اهل القبلة الا فیما فیه انکار ما علم مجیئه بالضرورة او المجمع علیه کاستحلال المحرمات اھ ولا یخفی ان المراد بقول علمائنا لایجوز تکفیر اهل القبلة بذنب لیس مجرد التوجه الی القبلة فان الغلاة من الروافض الذین یدعون ان جبریل علیه الصلوٰة والسلام غلط فی

یعنی مواقف میں ہے کہ اہلِ قبلہ کو کافر نہ کہا جائیگا مگر جب ضروریاتِ دین یا اجماعی باتوں سے کسی بات کا انکار کریں جیسے حرام کو حلال جاننا، اور مخفی نہیں کہ ہمارے علماء جو فرماتے ہیں کہ کسی گناہ کے باعث اہلِ قبلہ کی تکفیر روا نہیں اُس سے نرا قبلہ کو منہ کرنا مراد نہیں کہ غالی رافضی جو بکتے ہیں کہ جبریل علیہ السلام کو وحی میں دھوکا ہوا اللہ تعالٰی نے انھیں مولٰی علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ کی طرف بھیجا تھا

---

[1] الشفا بتعریف حقوق المصطفٰی القسم الرابع الباب الاول المطبعۃ الشرکۃ الصحافیۃ ۲/۲۰۸

[2] الفتاوی الخیریۃ باب المرتدین دارالمعرفۃ بیروت ۱/۱۰۳

[3] الدرالمختار کتاب الجہاد باب المرتد مطبع مجتبائی دہلی ۱/۳۵۶

مجمع الانہر کتاب فصل فی احکام الجزیۃ داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۶۷۷